بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حرفِ اول

ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس میں نئے داخلے

بحمد اللہ حسب اعلان یکم ستمبر سے قرآن اکیڈمی لاہور کے ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس میں تدریس کا آغاز ہو گیا ہے۔ اس کورس کا آغاز ۸۵-۱۹۸۴ء میں دو سالہ تعلیمی و تدریسی کورس کی حیثیت سے ہوا تھا' جسے تین گروپوں نے کامیابی سے مکمل کیا اور پچاس کے قریب اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوانوں نے بنیادی عربی قواعد کے علاوہ مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب تفصیلی وضاحت کے ساتھ' پورے قرآن حکیم کا قواعد کے اجراء کے ساتھ ترجمہ' احادیث نبویؐ کا مجموعہ مشکوٰۃ المصابیح پڑھنے کے ساتھ ساتھ' اصولِ حدیث' فقہ اور اصول فقہ کی بنیادی معلومات کی تحصیل بھی کی۔ کچھ عرصے کے بعد محسوس ہوا کہ بہت سے حضرات کے لئے اس کام کے لئے دو سال نکالنا بہت مشکل ہے' لہٰذا دو سالہ کورس کے نصاب کو مختصر کر کے اسے ایک سالہ کورس کی شکل دی گئی' جو الحمد للہ گزشتہ دس سال سے کامیابی سے جاری ہے اور ہر سال اندرون ملک اور بیرون ملک سے آ کر بیسیوں طالبانِ علم قرآن اس کورس سے استفادہ کرتے ہیں' جن میں خاصی تعداد خواتین کی بھی ہوتی ہے۔

یہ کورس اصلاً گریجویٹس کے لئے ہے جس میں بالعموم پوسٹ گریجویٹس' ڈاکٹرز اور انجینئرز وغیرہ بھی شریک ہوتے ہیں' تاہم ایسے پختہ (mature) ذہن اور وسیع مطالعہ رکھنے والے احباب بھی داخلہ لے سکتے ہیں جن کی تعلیم ایف اے ہو۔

امسال رجوع الی القرآن کورس میں ۲۸ مرد اور ۱۱ خواتین شریک ہوئی ہیں' جو بہت حوصلہ افزا تعداد ہے۔ خواتین کے لئے ہمیشہ کی طرح با پردہ انتظام ہے۔ ہماری دعا ہے کہ ان خواتین و حضرات نے اس کورس میں شرکت کے لئے جو مشقت اٹھائی ہے اور اس ضمن میں وہ جو مالی انفاق کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ اسے شرف قبول عطا فرمائے اور انہیں اس رجوع الی القرآن کورس سے کماحقہ' استفادہ کرنے کی توفیق ارزانی فرمائے۔ OO